**06.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

Music

.........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اُن کی حکومت کی ترقی کا ماڈل، 'ملک پہلے' ہے، جس میں خوشنودی کی بجائے 'اطمینان' پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

☆ صدر کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر راجیہ سبھا میں بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت نے ترقی میں اضافہ کرنے کیلئے ہنر کو فروغ دینے، مالیاتی شمولیت اور صنعتکاری کو ترجیح دی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے امریکہ سے بھارتی باشندوں کو وطن واپس بھیجے جانے پر پارلیمنٹ میں ایک بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تمام ملکوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ بیرون ملک میں غیرقانونی طور پر مقیم اپنے شہریوں کو واپس لیں۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور امریکہ کے اُن کے ہم منصب Pete Hegseth نے دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی تعاون کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بڑھتے ہوئے دفاعی، اختراعی تعاون کی حمایت کرنے سے اتفاق کیا۔

☆ اور...... کرکٹ میں بھارت نے ناگپور میں پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں انگلینڈ کو 4 وکٹ سے ہرا دیا۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Motion of Thanks**

آج وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا کہ ان کی حکومت کا ترقی کا ماڈل ''ملک اوّل'' ہے، جو خوشنودی کے بجائے ''اطمینان'' پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عوام نے اِس ماڈل کی آزمائش کی ہے، اُسے سمجھا ہے اور اس کی حمایت کی ہے اور اس لئے اُن کی حکومت کو تیسری مرتبہ منتخب کیا ہے۔ وزیراعظم، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک سے متعلق بحث کا جواب دے رہے تھے۔ کانگریس کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ حکمرانی کا سب کا ساتھ، سب کا وکاس ماڈل کانگریس کیلئے قابل قبول نہیں ہے کیونکہ یہ مکمل پارٹی ایک ہی خاندان تک محدود ہے۔

S/B PM On Congress

جناب مودی نے کہا کہ ایک ترقی پذیر ملک سے ایک ترقی یافتہ ملک کا سفر بنیادی ڈھانچے کی ترقی سے ہوکر

گذرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کے 25 کروڑ افراد غریبی سے چھٹکارا حاصل کرچکے ہیں اور NEO متوسط طبقے کا حصہ بن گئے ہیں۔ جناب مودی نے مدرا یوجنا اور اسٹارٹ اپ انڈیا اسکیم کے بارے میں یہ کہتے ہوئے یہ بات کی کہ یہ اقدامات لاکھوں لوگوں کے خوابوں کی تعبیر کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے نشوونما کو فروغ دینے کیلئے مہارت کے فروغ، مالیاتی شمولیت اور صنعتکاری کو ترجیح دی ہے۔

S/B PM

وزیر اعظم کے جواب کے بعد ایوانِ بالا نے، اپوزیشن کے بہت سے اراکین پارلیمنٹ کی ترامیم کو مسترد کرتے ہوئے، صدر کے خطاب پر شکریے کی تحریک کو منظوری دے دی۔ بعد میں، راجیہ سبھا کا اجلاس دن بھر کیلئے ملتوی کردیا گیا۔اسی دوران، آج امریکہ سے بھارتی باشندوں کو واپس بھیجنے کے معاملے میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں شورشرابہ ہوتا رہا کیونکہ اپوزیشن نے اِس معاملے پر بحث کا مطالبہ کیا۔ راجیہ سبھا میں اِس معاملے پر ایک بیان دیتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا کہ غیرقانونی امیگرینٹس کو باہر نکالنے کا عمل، بین الاقوامی تعلقات میں عام طور پر ایک قابل قبول اصول ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ قانونی نقل وحرکت کو بڑھانا ملک کے مجموعی مفاد میں ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملکوں کیلئے یہ لازمی ہے کہ وہ اپنے اُن شہریوں کو واپس لیں جو دوسری ملکوں میں غیرقانونی طور پر مقیم پائے جاتے ہیں۔

S/B Jaishankar in Parliment on Illegal Migrantion

انھوں نے ایوان میں دیگر ممالک سے واپس بھیجے گئے بھارتیوں کی تعداد کا اعداد وشمار بھی شیئر کیا اور کہا کہ 2009 میں 734 افراد کو بھارت واپس بھیجا گیا تھا جبکہ 2024 میں ایک ہزار 368 اور اِس سال 104 افراد واپس آئے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے اپوزیشن اراکین کے شور شرابے کے دوران لوک سبھا میں بھی اسی طرح کا بیان دیا۔ کیونکہ اُن کے بیان کے بعد شور شرابہ جاری رہا اس لئے اسپیکر نے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی۔x

## Chhattisgarh Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے آج چھتیس گڑھ کے Dongargarh علاقے میں چندرا گیری تیرتھ کے مقام پر آچاریہ وِدیا ساگر جی مہاراج کے ''پرتھما سادھی اسمرتی مہا اُتسو اور شری ایک ہزار آٹھ سدھا چکر ودھان وِشوا شانتی مہا یگین'' میں شرکت کی۔ چندرا گیری تیرتھ کے اپنے دورے کے دوران، جناب شاہ نے مہا مُنی راج کی سمادھی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے سچائی کی اقدار، عدم تشدد اور سخاوت کو برقرار رکھنے کی غرض سے معاشرے کو متحد رکھنے کیلئے آچاریہ وِدیا ساگر جی مہاراج کی ستائش کی۔

S/B Amit Shah

اِس تقریب میں چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی اور نائب وزیر اعلیٰ وجے شرما نے بھی شرکت کی۔x

## Rajnath US

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور امریکی وزیر دفاع Pete Hegseth نے آج بھارت-امریکہ دفاعی تعاون کو

زمین، فضا، میری ٹائم اور خلا سمیت متعدد شعبوں میں توسیع دینے کا جائزہ لیا۔ فون پر ہوئی اپنی بات چیت میں، جناب سنگھ نے جناب Hegseth کو امریکہ کے وزیر دفاع کے طور پر ان کی تقرری پر مبارکباد دی۔ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ دفاعی شراکت داری کی ستائش کی اور تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔

دونوں رہنماؤں نے ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون، دفاعی صنعتی چین کو مربوط کرنے، ایک دوسرے کے ساتھ کام کرنے کے طریقہ کار کو فروغ دینے، لاجسٹکس اور معلومات کا اشتراک اور مشترکہ فوجی مشقوں پر مل کر کام کرنے کا فیصلہ کیا۔انھوں نے دونوں حکومتوں کے درمیان دفاعی اختراع، اسٹارٹ اپس، تجارت اور تعلیمی اداروں میں بڑھتے تعاون کے سلسلے میں امداد کو بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔x

## Mahakumbh

اور اب کچھ خبریں پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ سے

Montage Music

جَن جاتی Sanskritik سماگم کے تحت آج پریاگ راج مہا کمبھ میں جَن جاتیہ یووا کمبھ منعقد کیا گیا۔ اِس یووا کمبھ میں ملک بھر کے 8 ہزار سے زیادہ قبائلی نوجوانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے قبائلی امور کے مرکزی وزیرِمملکت دُرگا داس Uikey نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ سماجی ہم آہنگی کے تئیں کام کریں اور ملک کو خودکفیل بنائیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس پروگرام کے دوران مختلف ریاستوں کے اُن 25 نوجوانوں کو انعام سے سرفراز کیا گیا، جنہوں نے قبائلی برادری کیلئے بہترین کام کیے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC- Dipendra/ Aman

بھارت، تقریباً 11 کروڑ درج فہرست قبائلی آبادی کا وطن ہے، جس سے ملک کی مالامال اور قبائلی ورثے کی عکاسی ہوتی ہے۔ یووا کمبھ کے دوران نوجوانوں نے قبائیلیوں کی ثقافت اور روایات کا تحفظ کرنے کا عہد لیا۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کمبھ میں حصہ لینے والے ایک نوجوان نے کہا کہ وہ قبائلی برادری کو بااختیار بنانے اور خودکفیل بھارت کیلئے کام کریں گے۔ اکھل بھارتیہ Vanwasi کلیان آشرم کے قومی صدر ستیندر سنگھ نے کہا کہ کل شوبھا یاترا نکالی جائے گی اور قبائلی برادری کے لوگ تروینی سنگم میں پوتر ڈبکی لگائیں گے۔ ملک بھر کے 120 ثقافتی رقص پیش کرنے والے گروپ، کل سے مہا کمبھ میں اپنے روایتی فن کا مظاہرہ بھی کریں گے۔

پریاگ راج سے دیپندر کمار اور امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم

## Delhi Election

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی کیلئے، جو سنیچر کو ہوگی، تمام تیاریاں حتمی مرحلے میں ہیں۔ مجموعی طور پر، 60 اعشاریہ چار دو فیصد رائے دہندگان نے، 699 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کرنے کیلئے گذشتہ روز کی پولنگ میں اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ انتخابی کمیشن نے بتایا کہ EVMs کو اسٹرانگ رومز میں رکھا گیا ہے جو کہ

کمیشن اور پولیس حکام کی سخت نگرانی میں ہے۔ انتخابی ادارے نے کہا کہ ووٹوں کی گنتی کیلئے دلّی کے 11 اضلاع میں گنتی کے 19 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔x

## Delhi CEO Scrutiny

ہفتے کے روز دلّی اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کیلئے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ دلّی کی اعلیٰ انتخابی افسر R. Alice Vaz نے آج بتایا ہے کہ ووٹوں کی گنتی کے عمل کو خوش اسلوبی اور منصفانہ طریقے سے کرانے کیلئے سبھی انتظامات کر لئے گئے ہیں۔ دلّی کی CEO نے بتایا ہے کہ 70 اسمبلی حلقوں کے Form 17C سمیت انتخابی دستاویزات کی جانچ کا کام، آج مکمل کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جانچ پڑتال کی اِس کارروائی کے دوران انتخابی کمیشن کے ذریعے مقرر کیے گئے آزاد مرکزی مشاہدین، امیدوار اور اُن کے ایجنٹس نیز ریٹرنگ افسر بھی موجود تھے۔ دلّی کی CEO نے بتایا کہ جانچ کے اِس عمل کے دوران کسی بھی امیدوار کی جانب سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔ محترمہ Vaz نے مزید بتایا کہ سبھی الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں، EVMs کو زیادہ سیکیورٹی والے کمروں میں رکھا گیا ہے۔ پوری دلّی میں 19 مقامات پر ہر اسمبلی حلقے کیلئے کُل 70، Strong rooms قائم کیے گئے ہیں۔ محترمہ Vaz نے مزید بتایا کہ تحفظ اور سیکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے ووٹ ڈالی گئی سبھی الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں اور VVPATs کو ECI کے حفاظتی پروٹوکول کے تحت رکھنے کیلئے سبھی ضروری انتظامات کیے گئے ہیں۔ کاؤنٹنگ سُپروائیزرس، کاؤنٹنگ اسسٹنٹس، مائیکرو مشاہدین، اعداد و شمار سے متعلق عملہ اور دیگر معاون اہلکاروں پر مشتمل عملے کے تقریباً 5 ہزار افراد کو گنتی کے عمل کے دوران تعینات کیا گیا ہے اور انہیں تربیت دی گئی ہے۔ محترمہ Vaz نے یہ بھی بتایا کہ ہر اسمبلی حلقے میں پانچ VVPATs کی ووٹر slips کو فوری طور پر گنتی کیلئے منتخب کیا جائے گا۔

## Pradhan UGC

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی سمیت بہت سے سیاسی لیڈروں کی، اپنے سیاسی بیانات کو برقرار رکھنے کی غرض سے، ترقیاتی تعلیمی اصلاحات کو تصوراتی اندیشوں کے طور پر توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے مبینہ بیان کی سرزنش کی۔ جناب پردھان نے ان کے بیانات کو قابل افسوس اور تشویشناک قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ UGC کے ضابطوں کے مسودے کا مقصد مواقعوں کو توسیع دینا ہے نہ کہ اُنھیں محدود کرنا۔ انھوں نے مزید کہا کہ وہ ادارہ جاتی خود مختاری کا تحفظ کرتے ہیں نیز لسانی تنوع سے استفادہ کرتے ہیں اور تعلیمی ادارہ کو کمزور کرنے کی بجائے اُنھیں مستحکم کرتے ہیں۔وزیر موصوف نے کہا کہ اپوزیشن کے بچاؤ کیلئے کسی بات کی مخالفت کرنا سیاسی استحکام کیلئے اچھا ہوسکتا ہے، البتہ یہ تنگ نظر سیاست ہوتی ہے۔ انھوں نے جناب گاندھی پر زور دیا کہ وہ مسودے کے بارے میں کوئی بھی بیان دینے سے پہلے مسودے کو پڑھیں۔x

## Mandaviya EPFO

لیبر اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے آج اعلان کیا کہ مالی سال 2024-25 میں پانچ کروڑ سے

زیادہ دعوؤں کو نمٹا کر، ملازمین کی پروویڈنٹ فنڈ کی تنظیم، EPFO نے ایک سنگ میل حاصل کیا ہے۔ اس نے پچھلے سال میں چار اعشاریہ 45 کروڑ دعوؤں کو نمٹایا تھا۔ ڈاکٹر منڈاویا نے اِس کامیابی کو دعوؤں کو نمٹانے کے عمل اور ارکان کی شکایتوں کو کم کرکے باضابطہ بنانے کی EPFO کے ذریعے تبدیل جاتی اصلاحات متعارف کرانے کے سلسلے سے منسوب کیا۔ وزیر موصوف نے یہ بھی اجاگر کیا کہ رواں مالی سال میں خودکار دعوؤں کے نمٹاروں کی تعداد دوگنی ہوکر ایک اعشاریہ 87 کروڑ ہوگئی ہے جب کہ مالی برس 24-2023 میں نمٹائے گئے دعوؤں کی تعداد 89 اعشاریہ 52 لاکھ تھی۔

S/B Mansukh Mandaviya

لیبر اور روزگار کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ اب صرف ٹرانسفر کے دعوؤں کے آٹھ فیصد کو ہی ممبر اور آجر کی تصدیق کی ضرورت پڑے گی۔ یہ ایک آسان ٹرانسفر دعوے سے متعلق ایپلی کیشن متعارف کرنے سے ممکن ہوا ہے۔ EPFO کے اراکین کیلئے آسان رسائی کو بڑھانے کے حکومت کے عہد کا اعادہ کرتے ہوئے ڈاکٹر منڈاویا نے واضح کیا کہ تنظیم ایک بلارکاوٹ اور موثر خدماتی تجربے کو یقینی بنانے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال اور عمل کو آسان بنانے کا سلسلہ جاری رکھے گی۔x

## Haryana Surajkund Mela

38 واں سورج کُنڈ بین الاقوامی کرافٹ میلہ، جو فنون، دستکاری، رنگوں، موسیقی اور ثقافتی ورثے کا ایک منفرد سنگم ہے، کل سے فریدآباد میں شروع ہو رہا ہے۔ سیاحت اور ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت اِس موقع پر مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ پروگرام کی صدارت، ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی کریں گے۔ میلے کے تعلق سے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سیاحت اور ثقافت کے وزیر ڈاکٹر اروند شرما نے کہا کہ مدھیہ پردیش اور اڈیشہ، میلے میں تھیم ریاستوں کی حیثیت سے شرکت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ میلہ، دنیا بھر کے بین الاقوامی دستکاروں اور فنکاروں کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنی آرٹ، دستکاری اور ہنر کا مظاہرہ کریں۔

وزیر اعظم نریندر مودی کے قومی اتحاد، ثقافت اور آرٹ کو مضبوطی فراہم کرنے کی بات کو اجاگر کرتے ہوئے سیاحت کے وزیر مملکت نے کہا کہ یہ میلہ، بھارت کی گوناگونیت کا مظاہرہ کرنے اور وزیر اعظم مودی کے ویژن کو حقیقت کی شکل دینے کی ایک موزوں مثال ہے۔ ڈاکٹر شرما نے کہا کہ میلے میں شرکت کرنے والے سیاحوں کی سہولت کیلئے دلّی میٹرو ریل کارپوریشن کے ساتھ مفاہمت نامے کے ایک اقرار نامے پر دستخط کیے گئے ہیں۔

عام دنوں میں ٹکٹ کی قیمت 120 روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ ختم ہفتہ یہ قیمت 180 روپے ہوگی۔ بچوں کیلئے ٹکٹ میں رعایت کی گنجائش ہے۔ معمر اور معذور افراد کیلئے میلے میں ای- رکشا کا بندوبست کیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ عام لوگوں کی شرکت کو بڑھانے کیلئے گروگرام، بلبھ گڑھ، ISBT کشمیری گیٹ، کناٹ پلیس اور تغلق آباد میٹرو اسٹیشنوں سے Shuttle بس سروس بھی شروع کی گئی ہے۔ x

## Crickt Ind-Eng Target

مردوں کے کرکٹ میں بھارت نے ناگپور کے وِدربھا کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں تین میچ کی سیریز کے پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں انگلینڈ کو 4 وکٹ سے ہراکر شاندار جیت حاصل کی۔ اِس جیت کے ساتھ ہی بھارت، سیریز میں ایک صفر سے سبقت لئے ہوئے ہے۔

249 رن کا جیت کا نشانہ حاصل کرنے کیلئے کھیلتے ہوئے بھارت نے 38 اعشاریہ چار اوورز میں 6 وکٹ کے نقصان پر 251 رن بنا کر اپنا ہدف پورا کرلیا۔ Shubhman گِل نے سب سے زیادہ 96 گیندوں میں 87 رن بنائے۔ Shreyas Iyer نے 36 گیندوں میں 59 رن، جبکہ Axar پٹیل نے 47 گیندوں میں 52 رن اسکور کیے۔ثاقب محمود اور عادل رشید نے دو دو وکٹ لئے۔ Jacob Bethell اور Jofra Archer نے ایک ایک وکٹ حاصل کیا۔اس سے قبل انگلینڈ کی ٹیم نے ٹاس جیت کر بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا، جو 47 اعشاریہ 4 اوورز میں 248 رن بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆